Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

18 ستمبر، 2020

عزیزی اہلِ خانہ،

ہم امید کرتے ہیں کہ آپ اور آپ کے پیارے محفوظ اور خیریت سے ہیں۔ آج میں آپ کو اسکول کے آغاز کے بارے میں ایک اہم تجدید کے بارے میں لکھ رہا ہوں۔

جیسا کہ آپ جانتے ہیں، ہم مہینوں سے ہماری اسکول عمارتوں کو دوبارہ کھولنے کی تیاری کررہے ہیں۔ آپ اور پچھلے چھ ماہ میں آپ نے جو کچھ کیا ہے اسکی بدولت، شہر میں انفیکشن کی کم شرح ہمیں ملک میں واحد بڑا شہر بناتی ہے جواپنے بچوں کو ہمارے اسکولوں میں بذات خود موجودگی تعلیم کے لیے خوش آمدید کرنے کے قابل ہے۔

جیسے کہ آپ نے COVID-19 انفیکشن کی شرح کو کم کرنے کے لیے ہر ضروری چیز کی ہے، ہم نے آپ کے ساتھ ایک عہد کیا ہے کہ ہم صحت اور تحفظ کو اولین حیثیت دیں گے۔ اور ہم نے یہی کیا ہے — ہزاروں کلاس کے کمروں کا مناسب ہواداری کے لیے معائنہ، لاکھوں کی تعداد میں ماسک، دستی جراثیم کُش کی بوتلیں اور صفائی کے سامان کے کیسوں کی تقسیم؛ طلبا اور عملے کے لیے تعجیلی COVID-19 ٹیسٹنگ کی ترجیح؛ ایک فوری ٹیسٹنگ، کوارنٹین اور ٹریسنگ کا طریق عمل جب بھی ہمیں اپنے اسکولوں میں COVID-19 کی سرگرمی نظر آئے؛ اور بہت کچھ۔

ہمیں اس عہد پر قائم رہنا جاری رکھنا ہوگا جبکہ ہم اپنی عمارتوں کو کھولنے کے قریب ہیں، یہ جانتے ہوئے کہ یہ سال مزید سامان، مزید عملے، مزید جگہ، مزید معائنے اور مزید تربیت کا مطالبہ کرتا ہے۔ ایسا کرنے کے لیے، ہم اسکول کیلنڈر کے لیے نئی معلومات کا اعلان کررہے ہیں۔

تمام طلبا اب بھی پیر، 21 ستمبر کو مکمل وقت کی تعلیم کا آغاز کریں گے۔ اسکول کی عمارتیں ہمارے بلینڈڈ لرننگ (ہفتے کے کچھ دنوں میں اسکول میں موجودگی میں، اور ہفتے کے دیگر دنوں میں ریموٹلی گھر پر) والے طلبا کے لیے دوبارہ مرحلہ وار کی بنیاد پر دوبارہ کھلیں گی، تفصیلات ذیل میں ہیں۔ ذیل میں تعلیمی سال 2020-21 کے آغاز کے لیے تجدید کردہ کیلنڈر ہے:

- مکمل ریموٹ پروگراموں میں مندرج طلبا ابھی بھی پیر، 21 ستمبر سے مکمل تعلیمی دن کا آغاز کریں گے۔

- بلینڈڈ لرننگ (ہفتے کے کچھ دنوں میں اسکول میں موجودگی میں، اور ہفتے کے دیگر دنوں میں ریموٹلی گھر پر) میں بچے پیر، 21 ستمبر سے انکی خود موجودگی میں تعلیم کے آغاز کی ذیل میں خاکہ کش کردہ تاریخ تک ریموٹلی تعلیم حاصل کریں گے۔ براہ مہربانی اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں اگر آپ کے اس بارے میں سوالات ہیں کہ آپ کے بچے کو اپنی بلینڈڈ لرننگ کے لیے کب رپورٹ کرنا چاہیئے۔

بلینڈڈ لرننگ طلبا جو مندرج ہیں:	**بذات خود موجودگی میں تعلیم شروع ہوگی بتاریخ:**
گریڈز 3K اور پری کنڈرگارٹن (کسی بھی قسم کے اسکول/ گریڈ وضع)	پیر 9/21
ضلع 75 (تمام گریڈز)	پیر 9/21
بالترتیب اسکول کی قسم:	
جو طلبا ذیل میں مندرج ہیں • **ایلیمنٹری اسکولز (K-5 اور K-8)** (K-8 اسکولوں میں گریڈز 6-8 کے طلبا شامل ہیں)	منگل، 9/29
جو طلبا ذیل میں مندرج ہیں: • **مڈل اسکول (گریڈز 6–8)** • **ہائی اسکول (گریڈ 9-12)** • **سیکنڈری اسکول (گریڈ 6-12)** • **تبادلہ اسکول، تعلیم بالغان، شبینہ اسکول، متبادل تعلیم مراکز**	جمعرات 10/1
کم عام اسکول کی قسمیں / وضع	
• K-2 اور K-3 اسکولوں میں مندرج طلبا	منگل، 9/29
• K-12 اسکولوں میں مندرج طلبا	منگل، 9/29

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

میں جانتا ہوں کہ یہ آخری وقت میں تبدیلی ہے۔ اس بحران نے ابتدا سے ہی آپ اور آپ کے بچوں سے اتنی زیادہ لچکداری اور تحمل کا تقاضہ کیا ہے، اور میں حیرت میں ہوں کہ آپ نے کس طرح مسابقتوں اور غیریقینی کا مقابلہ کیا ہے جو اس عالمی وبا نے پیش کی ہیں۔ ہم جو بھی کرتے ہیں اس میں ہمارے شہر کی صحت اور تحفظ کی حفاظت کرتے ہوئے استقامت اور وثوق فراہم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

میں ہر روز آپ میں سے ہر ایک کا اور اس پُرعزمی کا تہہ دل سے شکرگزار ہوں جسکا آپ نے اپنے بچوں اور اس شہر کے لیے مظاہرہ کیا ہے۔
آپ میں سے متعدد نے ہمیں بتایا ہے کہ آپ اپنی اسکولی برادریوں سے دوبارہ رابطے کے لیے کتنے شائق ہیں – میں جانتا ہوں کہ میں بھی اسکے لیے پُرجوش ہوں۔ میرا یقین ہے کہ یہ اضافی وقت یقینی بنانے میں مدد دے گا کہ تمام اسکول اور معلمین تدریس و تعلیم کے لیے ایک مستحکم، محفوظ اور معاونتی ماحول فراہم کرنے کے لیے بہترین وضع میں ہونگے۔

میں ہمیشہ کہتا ہوں کہ نیویارک شہر میں دنیا کے بہترین طلبا، عملہ اور خاندان ہیں، اور اسے کوئی بھی چیز کبھی تبدیل نہیں کرسکتی — اس سے قطع نظر ہم کب، کہاں اور کس طرح تعلیم حاصل کرتے ہیں۔

آپ کی تمام مدد کے لیے آپکا شکریہ۔

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیویارک شہر محکمۂ تعلیم